

# بڑھتی ہوئی آمدنی، کم ہوتی ہوئی قوتِ خرید: مہنگائی کے بعد 2019 سے 2025 کے درمیان گھریلو امدنی کی اصل قدر میں کمی ہوئی ہے۔




اگر **2018-19** کا **2024-25** سے موازنہ کیا جائےتویہ سامنے آتا ہے پاکستان میں اوسط گھریلو آمدنی روپے کے حساب سے کافی بڑھ گئی۔ ملک بھر میں آمدنی تقریباً **98%** بڑھی ہے، شہری علاقوں میں **83%** اور دیہی علاقوں میں 109% کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ بظاہر ایسا لگتا ہے کہ اس عرصے میں گھریلو آمدنی میں تقریباً دوگنا ہ اضافہ ہوا ہے۔

لیکن جب اس آمدنی کو مہنگائی کے لحاظ سے دیکھا جائے تو تصویر بدل جاتی ہے۔ حقیقی معنوں میں (یعنی مستقل قیمتوں پر)، شہری علاقوں میں گھریلو قوتِ خرید **17%**، دیہی علاقوں میں **5%** اور ملک بھر میں مجموعی طور پر **10%** کم ہوئی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ زیادہ تر گھرانوں کے لیے مہنگائی نے آمدنی میں اضافے کا فائدہ ختم کر دیا۔




GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

## رائے عامہ سروے

## بگ ڈیٹا کا تجزیہ

## گھریلو آمدنی اور قوتِ خرید

## بڑھتی ہوئی آمدنی، کم ہوتی ہوئی قوتِ خرید: مہنگائی کے بعد 2019 سے 2025 کے درمیان گھریلو آمدنی کی اصل قدر میں کمی ہوئی ہے۔

(اسلام آباد)، 06 جنوری 2026


پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس (PBS) کی جانب سے جاری کیے گئے ہاؤس ہولڈ انٹیگریٹڈ اکنامک سروے 2024–25 (HIES) کے اعداد و شمار سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ گزشتہ چھ سال کے دوران آمدنی میں اضافے اور لوگوں کے معیارِ زندگی کے درمیان واضح فرق پیدا ہوا ہے۔

اگر 2018-19 کا 2024-25 سے موازنہ کیا جائے تو یہ سامنے آتا ہے پاکستان میں اوسط گھریلو آمدنی روپے کے حساب سے کافی بڑھ گئی۔ ملک بھر میں آمدنی تقریباً 98% بڑھی ہے، شہری علاقوں میں 83% اور دیہی علاقوں میں 109% کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ بظاہر ایسا لگتا ہے کہ اس عرصے میں گھریلو آمدنی میں تقریباً دوگناہ اضافہ ہوا ہے۔

لیکن جب اس آمدنی کو مہنگائی کے لحاظ سے دیکھا جائے تو تصویر بدل جاتی ہے۔ حقیقی معنوں میں (یعنی مستقل قیمتوں پر)، شہری علاقوں میں گھریلو قوتِ خرید 17%، دیہی علاقوں میں 5% اور ملک بھر میں مجموعی طور پر 10% کم ہوئی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ زیادہ تر گھرانوں کے لیے مہنگائی نے آمدنی میں اضافے کا فائدہ ختم کر دیا۔

جب آمدنی کو اصل شرح تبادلہ کے مطابق امریکی ڈالر میں تبدیل کیا جاتا ہے تو زیادہ تر اضافہ ختم ہو جاتا ہے۔ 2019 سے 2025 کے درمیان پاکستان کے شہری علاقوں میں اوسط گھریلو آمدنی 11% کم ہوئی ہے، جبکہ دیہی علاقوں میں صرف 2% کا معمولی اضافہ دیکھا گیا ہے، جبکہ ملک بھر میں مجموعی طور پر 3% کمی دیکھی گئی ہے۔

مجموعی طور پر، اعداد و شمار یہ ظاہر کرتے ہیں کہ اگرچہ پیسوں کے لحاظ سے آمدنی میں اضافہ ہوا ہے، لیکن قوتِ خرید کے لحاظ سے پاکستانی گھرانے، خاص طور پر شہری علاقے، پہلے کے مقابلے میں بدتر حالت میں ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا ہے۔ یہ سروے پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس (PBS) کے ہاؤس ہولڈ انٹیگریٹڈ اکنامک سروے (HIES) کے اعداد و شمار پر مبنی ہے، جس میں ستمبر 2024 سے جون 2025 تک پاکستان بھر کے گھروں کی آمدنی کا جائزہ لیا گیا ہے۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 06 January 2026**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)